قتل حسینؑ اصل میں مرگ یزید ہے
اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

The Greatness of the superb Sacrifices given by Imam Husain and his Comrades in Karbala is not only the cherished property of Muslims but even some of the great non-Muslim Scholars and Leaders have paid due tributes and allegiance to Imam Husain in their own way. Here are some: Sir Frederick James said:

"Husain stood for Justice. The lesson of Husain and every brave martyr is that there are eternal principles of justice, mercy and love, which are immutable and unconquerable; and that if evil is resisted, if men are prepared to make sacrifices for them, those principles will always prevail.

L.M. Boyd said:

"Throughout the ages mankind has cherished the courage of heart and the greatness of mind or the greatness of heart and the courage of mind which for freedom and justice will not yield to the forces of tyranny and evil. Such was the Greatness of Imam Husain and I am happy to be associated today with those who still greatly prize his sacrifices although it was made over 1300 years ago." □

Sayings of Prophet Muhammed Pbuh



WORLD, THE LOVE OF THE

●

The love of the world is the root of all evils.

●

The world is forbidden to those of the life to come; the life to come is forbidden to he true servants of God.

●

Cursed is this world and cursed is all that is in this world, except the remembrance of God and that which aideth it.

●

The world is a magician, greater than Harut and Marut, and you should avaoid it.

●

Be in the world like a traveller, or like a passer-on, and reckon yourself as of the dead.

●

Whoever desireth the world and its riches, in a lawful manner, in order to withhold himself from beginning, and for a livelihood for his family, and for being kind to his neighbour, will come to God with his face bright as the full moon on the fourteenth night.

●

Prophet Muhammad slept upon a mat, and got up very marked on the body by it; and I said, 'O Messenger of God! If thou hadst ordered me, I would have spread a soft bed for thee.' Prophet Muhammad said, 'What business have I with the world? My condition with the world is that of a man on horseback, who standeth under the shade of a tree, then leaveth it.' □

India to make MIG-21

LONDON, Nov. 16 — A major agreement has been reached between India and Soviet Union covering the indigenous manufacture of the MIG-21 Hindustan Aeronautic already builds the earlier MIG-21 under licence. It is not known if Hindustan Aeronautics will finish building the 150-MIG-21 on order or switch to the more manoeuvrable MIG-21 bis.

The soviet Union is apparently considering the possibility of buying Indian-built spares for use in its own MIG-21's. —DPA. □

INTRODUCE CRESCENT TO A FRIEND

Matrimonial

Muslimah, 23 years, Moughal caste, graduate, U.S. Immigrant, seeks matrimonial alliance with Pakistani professional preferably Physician, Engineer. Contact:
Advertiser
P.O.Box 136
Gasport, N.Y. 14067, USA

●

An Indian Muslim family invites matrimonial correspondence for their sister who is charming and well educated. Reply with full details:
R. Ahmed
C/O Crescent

صوبائی خودمختاری کے نظریہ شدت سے کوئی بار جہیز بنانے سے ملک انتشار اور بدحالی کا شکار

بھٹو نے ۱۹۷۳ء کے آئین کو صحیح طور پر نافذ نہیں کیا تھا

جماعت اسلامی تحریک پاکستان کے خلاف نہیں تھی: امیر جماعت اسلامی کا پاکستان ٹیلی ویژن سے انٹرویو

بلوچستان میں زیرحراست طلباء رہا کر دیئے جائیں

غلام مصطفیٰ کھر کو سات برس کے لیے نااہل قرار دیدیا گیا

تمام الزامات درست ثابت ہوگئے

لاہور۔۔۔۔ (اے پی پی) پنجاب کے ٹربیونل نمبر ۳ نے پنجاب کے سابق گورنر و سابق وزیر اعلیٰ ملک غلام مصطفیٰ کھر کو ان کے خلاف عائد کردہ تمام الزامات درست ثابت ہونے پر سات سال کے لئے قومی یا صوبائی اسمبلی کا انتخاب لڑنے کا نااہل قرار دے دیا ہے۔ غلام مصطفیٰ کھر کو ۱۹۷۷ء ... کے سامنے پیش ہونے کا حکم جاری کیا گیا تھا لیکن وہ حاضر نہ ہوئے ... انہوں نے اس کا بھی کوئی جواب نہ دیا ... مارشل لاء کے ضابطہ نمبر ۳ کے تحت کارروائی کرتے ہوئے انہیں سات سال کے لئے نااہل قرار دے دیا گیا ہے۔



ڈاکٹر نیازی کو بھٹو کے دانتوں کا علاج کرنے کی اجازت دے دی گئی

جیل حکام معائنے کے دوران موجود رہیں گے

بھٹو کی حالت خراب ہے اور چارپائی سے اٹھ نہیں سکتے

ایک قیدی اپنے وکیل کو ایسا خط نہیں لکھ سکتا

سپریم کورٹ نے "بھٹو خط" کا فیصلہ سنا دیا

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

ٹورانٹو میں مقیم ایک ۳۵ سالہ پاکستانی اکاؤنٹنٹ کے لیے خوبصورت، اسمارٹ اور کم از کم گریجویٹ لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے۔ پتہ ذیل پر خط لکھیئے۔ تمام خطوط کے جواب دیئے جائیں گے۔

Accountant
Suite # 220
4140 Bathurst St.
Downsview, Ont.
M3H 3P3

شادی خانہ آبادی

دنیا کے کسی بھی ملک مثلاً انڈیا، پاکستان، بنگلہ دیش، سری لنکا، انگلینڈ، شمالی امریکہ، افریقہ اور مڈل ایسٹ وغیرہ میں جہاں بھی ہندوستانی اور پاکستانی آباد ہیں، شادی کے لئے ہماری خدمات حاصل کریں۔
تفصیل کے لئے ہمارے کسی بھی دفتر کو اپنا مکمل پتہ اور جوابی لفافہ ٹکٹ لگا کر ارسال فرمائیں۔

INTERNATIONAL MARRIAGE SERVICE (REGD.)
Head Office
P.O. BOX 951, STATION "A"
SCARBOROUGH (TORONTO)
ONTARIO, CANADA M1K 5E4

When you buy Canadian-made products, you create jobs in Canada.

That's why Ontario urges you to Shop Canadian.

جب آپ کینیڈا میں بنی ہوئی چیزیں خریدتے ہیں تو آپ یہاں روزگار پیدا کرتے ہیں۔

اسی لیئے صوبۂ انٹاریو کا اصرار ہے کہ آپ کینیڈا میں بننے والی چیزیں خریدیں۔

جب بھی آپ کوئی چیز خریدیں اس پر "میڈ ان کینیڈا" کا لیبل تلاش کریں کیونکہ جب آپ کینیڈا میں بنی ہوئی چیزیں خریدتے ہیں تو اس سے یہاں رہنے والوں کے لیے روزگار پیدا ہوتا ہے۔ مثلاً

- اگر آپ کینیڈا میں بنے ہوئے جوتے کی خریدی پر ۵۰۰ ڈالر خرچ کرتے ہیں تو آپ کینیڈین لوگوں کے لیے تقریباً تین دن کا روزگار مہیا کرتے ہیں۔
- اگر کینیڈا والے کینیڈا کے بنے ہوئے کپڑوں کی خریدی میں صرف ۵ فیصد کا اضافہ کردیں تو اس سے ۳ ہزار سے زائد نئی ملازمتیں پیدا ہوں گی۔

ہم جتنی زیادہ کینیڈا کی بنی ہوئی چیزیں خریدیں گے اتنی ہی زیادہ ملازمتیں یہاں پیدا ہوں گی۔

آپ کے صوبے کی وزارت صنعت و سیاحت آپکو آگاہ کرنا چاہتی ہے کہ کینیڈا میں بنی ہوئی چیزیں خریدنے سے انٹاریو میں رہنے والے ہم سب لوگوں کو فائدہ پہنچتا ہے۔ اس سے ہماری معیشت ترقی کرتی ہے اور ہماری زندگی کا معیار قائم رہتا ہے۔

اس لیئے جب آپ کینیڈا میں بنی ہوئی چیزیں خریدیں گے تو یہ عمل ایسا ہی ہے جیسے آپ انٹاریو کو ایک زیادہ خوشحال جگہ بنا رہے ہیں۔

Larry Grossman,
Minister of Industry and Tourism
William Davis, Premier

Province of Ontario

ایم ۔ کلیم شامِ موسیقی

۲۶ نومبر کی شام ٹورانٹو ساؤتھ سرو کے آڈیٹوریم ہال میں بیٹی بارکسی مشرقی طرز کی محفل کا اہتمام کیا گیا تھا۔ موسیقی کا ذوق رکھنے والے سامعین کی ایک بڑی تعداد اس محفل میں موجود تھی جنھیں پاکستان ریڈیو ٹی۔وی اور فلم کے مقبول گلوکار ایم۔کلیم کی پُرسحر آواز کی کشش وہاں کھینچ لائی تھی۔

کوئی سات بجے پنڈت رندھیر کے سرود سے محفلِ موسیقی کا آغاز ہوا۔ تار بجنے لگے لَو بلند ہوا اور جہانگیر مرزا کے طبلے کی سنگت میں جب پنڈت جی نقطۂ عروج پر پہنچے تو ساری محفل بہ تن گوش تھی پھر تو ہال تالیوں سے گونج اُٹھا پنڈت جی

نعت کے معنیٰ، آواز کے سحر اور حُسنِ ادائیگی نے ایک سماں باندھ دیا۔ اسکا مقطع میں ایم۔کلیم نے ایک اور نعت پیش کی اور دلوں کو گرما دیا۔ پھر غزلیات کا سلسلہ شروع ہوا۔

چلتے ہو تو چمن کو چلیے سنتے ہیں کہ بہاراں ہے

کو ایسے فن کی ریاضت اور مہارت پر خوب داد ملی۔ اس طرح وہ سامعین کو محظوظ کر کے رخصت ہوئے تو مہمانِ خصوصی ایم۔کلیم تشریف لائے اور اعلان کے مطابق وہ نعت سے پروگرام کا آغاز کر رہے تھے۔

صاحب ہے اگرچہ جانا بھی میرا سلام کہنا

(تصویر: حیدر ربانی)

شہنشاہِ غزل میرؔ کا کلام، ماہرِ فن مغنی ایم۔کلیم کی زبانی سنا تو سہگل کی یاد تازہ ہو گئی ہے۔ وہی آواز، وہی انداز، وہی سُر وہی لَے۔ ستار پر جاوید مغل کا ساتھ تھا طبلہ پر مرزا جہانگیر کی سنگت۔ خوب رنگ جما۔

پھر ایک کے بعد دیگرے غزلوں اور گیتوں کا سلسلہ چلتا رہا۔ فرمائشیں ہوتی رہیں اور احساس ہوتا رہا کہ واقعی نہ ایم۔کلیم کی آواز سہگل، ملکیش اور مسی۔ ایچ۔ آتما کی آوازوں کا ایک نہایت ہی خوبصورت امتزاج ہے۔

انٹرول کے بعد پھر پنڈت رندھیر کے سرود نے دل لبھایا اور ایم کلیم نے اپنے نغموں کے انتخاب کا رخ قدرے تیز لَے کی طرف موڑ دیا۔ جیسے

جیرہی میکدہ یہاں رند ہے پیالہ کا ساقی امام ہے

اور جب وہ اس غزل پر پہنچے کہ

کب میرا نشیمن اہلِ چمن گلشن میں گوارا کرتے ہیں

تو محفل میں برق سی لہرا گئی۔ سامعین نے ایسے ہی بار سنا ہوگا لیکن پھر بہ تن اشتیاق بن کر سنتے رہے۔ اسی طرح اور بھی کئی مشہور نغمے ایم۔کلیم نے سنائے جن میں وہی پہلی جیسی شگفتگی ہے

قدرت نے ایم۔کلیم کی آواز کو بے پناہ سوز سے نوازا ہے۔ اس پر ان کا حسنِ ادائیگی دو آتشہ کا کام کرتا ہے۔ ان خصوصیات کی بنا پر اہلِ ذوق کے دلوں میں ایم۔کلیم کا ایک خاص مقام ہے۔ یہ ان کے فن کی کشش ہی تھی جس نے اس سرد رات میں تین چار سو سامعین کو اکٹھا کیا جو نہایت ہی صبر و سکون اور نظم و ضبط کے ساتھ انھیں سنتے اور سر دھنتے رہے۔ یہ واقعہ ہے کہ ٹورانٹو میں ایک مدت کے بعد خالص موسیقی پر مشتمل ایسی یادگار محفل تھی جس کے لیے منتظم خلیل صاحب قابلِ مبارکباد ہیں۔

محفلِ شعر و سخن

(اشعار بہ اعتبارِ عنوان)

انسان

بغاوت کا علمبردار ہوں مشتعل طوفان ہوں!
فرشتوں نے جسے سجدے کیے تھے وہ انسان ہوں
— مجازؔ

•

اس توقع پہ کہ شاید کبھی انساں سنبھلے
ہر نئے ظلم نے جینے پہ مجھے اُکسایا
— احمد ندیم قاسمی

•

مت سہل ہمیں جانو پھرتا ہے فلک برسوں
تب خاک کے پردے سے انسان نکلتے ہیں
— میرؔ

•

خدا تو ملتا ہے انسان ہی نہیں ملتا
یہ چیز وہ ہے جو دیکھی کہیں کہیں میں نے
— اقبالؔ

•

یوں اگر دیکھیے کیا کچھ نہیں یہ مشتِ غبار
اور اگر سوچیے تو خاک بھی انساں میں نہیں
— دتاتریہ کیفیؔ

•

تا حدِ نظر پھیلی ہے انسان کی دنیا
انسان کو تا حدِ نظر ڈھونڈ رہا ہوں
— ہری چند اخترؔ

•

اسے انسانیت کے ساتھ ہی نابود ہونا تھا
خدا کی شان ہے کہ آج بھی انسان باقی ہے
— ہیرا لال فلکؔ

فیض احمد فیضؔ

یار اغیار ہو گئے ہیں،
اور اغیار مُصر ہیں کہ وہ سب
یارِ غار ہو گئے ہیں،
اب کوئی ندیمِ باصفا نہیں ہے
سب رند شراب خوار ہو گئے ہیں،

سردار بی سینا ۱۹۷

Friends have turned into strangers,
And strangers insist that they all
Have become good pals.
Now there is none clean and pure
All have become revelar and wine-bibbers.

Poem *Faiz Ahmed Faiz,*
Translation *M.H.K.Qureshi,* Don Mills

کی ایک بہت بڑی محفل کا اہتمام ہو رہا تھا ایک صاحب پروگرام منیجر کے پاس آئے اور پروگرام میں شرکت کی اجازت چاہی۔
منیجر:- "آپ گانا گا سکتے ہیں؟"
وہ صاحب:- "نہیں"
منیجر:- "ستار بجا سکتے ہیں؟"
وہ صاحب:- "نہیں"
منیجر:- "تو پھر طبلہ بجاتے ہوں گے؟"
وہ صاحب:- "نہیں"
منیجر (جھنجلا کر):- "تو پھر آپ کیا بجائیں گے؟"
وہ صاحب:- "تالیاں"

شمیم احمد

We are famous for Halal Meat, Nahari and all sorts of Spices at Reasonable Prices!

کراچی اور دہلی کی نہاری ہماری خصوصی پیشکش ہے۔

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں۔

free regular deliveries in Toronto

INDUS FOOD

Importers, Exporters & Distributors of Foods

922 Pape Ave. Toronto, Ont.

Your Halal Hot-Line - 466-2323



ٹورانٹو میں عید الفطر کی نماز پر آئے ہوئے تین ننھے منے
(تصویر: حیدر ربانی)

(مزاح)

نزلہ، زکام، کھانسی!

اکثر کی بیماری کے تیچھے ہی نزلہ زکام اور کھانسی وغیرہ ... لیکن صاحب! ہم تو اس خرابی سے چھٹکارا پانا چاہتے ہیں اور اس سلسلے میں کئی دفعہ ڈاکٹر کے ہاں بھی جا چکے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب ہم سے ہر بار یہی پوچھا کہ یہ شکایت آپ کو کب سے ہے اور ان کے اس استفسار سے ہمیں ہر بار وہ شخص یاد آتا۔ جو نزلہ زکام میں مبتلا تھا اور ڈاکٹر نے اس سے پوچھا تھا "کہئے! تمہیں یہ شکایت کب سے ہے؟" اور اس نے معصومیت سے جواب دیا تھا "جی! بچپن سے!" دراصل یہ شکایت ہمیں بھی بچپن ہی سے ہے۔ ادھر سردیاں شروع ہوتی ہیں اور ادھر ہم نزلہ زکام اور کھانسی وغیرہ کی لپیٹ میں آجاتے ہیں۔ ہم ہر بار ڈاکٹر کے پاس جاتے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب نسخہ مرحمت فرمانے کے بعد ہمیں سگریٹ نوشی سے پرہیز کا مشورہ دیتے ہیں۔ اور اس مشورے کی فیس کے طور پر وصول شدہ رقم سے اپنے لئے سگریٹوں کا کارٹن منگوا لیتے ہیں۔ یوں ان کا نام تو پکارا جا سکتا ہے، ہمارا نام نہیں لیتا۔ اب جو ڈھنگ اور بیٹھک کے مصداق ہم نے طے کر لیا ہے کہ اگر ڈاکٹروں کی مطابقت میں آرام نہ آیا اور ہمارا گلا یونہی بیٹھا رہا تو ہم نے کسی شام ان کے گھر جا کر دستک دینی ہے اور دروازہ کھلنے پر سرگوشی کے انداز میں پوچھنا ہے۔ "ڈاکٹر صاحب ہیں؟!"

ویسے سچی بات پوچھیں تو اس میں بیچارے ڈاکٹروں کا بھی کوئی قصور نہیں، یہ نزلہ زکام کھانسی وغیرہ ایسی بیماریاں ہیں، جو علاج سے نہیں اپنی مرضی سے جاتی ہیں۔ اور وہ جو کسی نے کہا ہے سچ ہی کہا ہے کہ اگر نزلے کا علاج کرایا جائے تو ٹھیک ہونے میں سات دن لگ جاتے ہیں، اور اگر علاج نہ کیا جائے تو ایک ہفتے میں آرام آجاتا ہے۔ گلے کی خراش وغیرہ کا علاج البتہ غرارے کرنا ہے، مگر ہم اس سے بھی گریز کرتے ہیں کیونکہ ایک مرتبہ ایک دوست کو دوسرے کمرے میں غرارے کرتے سن کر ہم پر اس قدر دہشت طاری ہوئی تھی کہ ہم نے وہیں بیٹھے بیٹھے سورہ یٰسین کی تلاوت شروع کر دی تھی!

LOTTARIO! A LOTTERY THAT LETS YOU WRITE YOUR OWN TICKET.



کس طرح کھیلیں؟

اس کھیل کے لئے آپ کو صرف ایک پرچی کا انتخاب، ایک پنسل، ایک ڈالر اور تھوڑی سی قسمت کی ضرورت ہے۔

1. آپ کسی لاٹری ایجنٹ سے سلپ حاصل کر سکتے ہیں۔ ہر سلپ پر سات ایسے بورڈ دکھائی دیں گے جن پر ایک سے 39 تک نمبر درج ہوں گے۔

2. اپنی منتخب کی ہوئی پرچی لاٹری ایجنٹ کے پاس لے جائیے ...

3. ہر بورڈ کھیلنے کی قیمت ایک ڈالر ہے ...

4. ...

5. ...

آپ کتنی رقم جیت سکتے ہیں؟

بڑے انعامات چار مختلف پولوں میں تقسیم کیے گئے ہیں۔ جیک پاٹ پول، سیکنڈ پرائز پول، تھرڈ پرائز پول اور فورتھ پرائز پول۔
پانچواں انعام پانچ ڈالر کا ہے۔
چاروں بڑے پولوں کے تمام جیتنے والوں میں انعامات مساوی تقسیم ہوں گے۔
...

آپ کس طرح جیتیں گے؟

...

YOU DON'T JUST BUY A TICKET. YOU PLAY IT.

ONTARIO LOTTERY CORPORATION

کریسنٹ انٹرنیشنل
ٹورنٹو کینیڈا

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ
خبردار رہو جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کوئی خوف ہے نہ وہ غمگین ہوں گے

بھارت کی شکستِ فاش

موجودہ دور کے بین الاقوامی مقابلوں میں ایک بڑی محرک سیاسی عنصر نمایاں ہوتا ہے۔ اپنے ملک کے وقار کے لیے کھلاڑی شرافت و حوصلہ کی بازی لگا دیتے ہیں۔ سو میٹر کی دوڑ جیتنے کے بعد جب ایک کھلاڑی سبز کا نعرہ لگا رہا ہوتا ہے تو فخر سے سینہ تانے اپنے قومی ترانے کے درمیان وہ یہ بتلا رہا ہوتا ہے کہ دنیا میں کوئی بھی اس کا مد مقابل نہیں اور جس اس وقت اس کھلاڑی کے ہم وطن اپنے اس ہیرو پر دیوانے ہوئے جاتے ہیں۔ اس کا نام لے لے کر ان کی گردنیں فخر سے تن جاتی ہیں

انٹرنیشنل کھیلوں میں قومی جذبے کارفرما ہوتے ہیں۔ کبھی رنگ و نسل ایک دوسرے سے برسر پیکار ہوتے ہیں اور بلیک پاور کا نعرہ فضا میں ارتعاش کا پیدا کر دیتا ہے کبھی افریقی ممالک ساؤتھ افریقہ یا جیوری لیڈر کی وجہ سے واک آؤٹ کر جاتے ہیں۔ کبھی روسی ریچھ کمیونسٹ ممالک کی طرفداری میں جائز و ناجائز کا فرق ختم کر دیتے ہیں اور کبھی یورپ یا امریکی انجکشنٹ اور ادویات کا استعمال کر کے دنیا پر اپنی غیر معمولی مہارت کی ساکھ بٹھانا چاہتے ہیں۔ یہ سارے عوامل ایک نقطہ کے گرد گھومتے ہیں۔ اپنے ملک کا قومی وقار۔

الغرض کھیل کا میدان ــ میدانِ جنگ کا نعم البدل بن جاتا ہے۔

۱۹۶۵ء اور ۱۹۷۱ء کی جنگوں کے فوراً بعد خط متارکہ جنگ کی خلاف ورزی کیے بغیر جنگ کی سی کیفیت ہاکی کے بین الاقوامی مقابلوں پر چھائی رہی۔ برصغیر کے تقریباً ۸۰ کروڑ لوگوں کے دلوں کی دھڑکنیں ہاکی اسٹک کے ساتھ گھومتی، بڑھتی اور گھٹتی رہیں۔

یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ گزشتہ ۳۰ سالوں میں ہاکی کے میدان میں اکثر و بیشتر پاکستان کا پلہ بھاری رہا۔

کرکٹ کے کھلاڑیوں کو ایک عرصہ سے یہ شکوہ رہا ہے کہ سرد جنگ میں اپنے دیرینہ حریفوں سے مقابلے کا انھیں بہت کم موقع دیا گیا۔ دونوں ممالک کے کھلاڑی ایک دوسرے کی ٹیموں کے کرکٹ اسٹیڈیم میں پرچم لہرانے کی حسرت لیے ریٹائر ہوتے رہے۔ اگر کبھی ایک ملک ہاکی کے کسی مقابلے میں ہار جاتا تو اس ملک کی کرکٹ ٹیم یہ دعویٰ کرتی کہ کرکٹ میں اگر ہمارا مقابلہ ہوتا تو انھیں چھٹی کا دودھ یاد آ جاتا۔

آخر وہ دن آ ہی گیا جب دو پرانے حریف جن کی سرحدوں پر خون آشام جنگیں لڑی جا چکی تھیں۔ بظاہر جوش و خروش پر امن تھی۔ مگر دل کے اندر جنگی منصوبے سلگ رہے تھے۔ صف آرا ہو جاتے ہیں۔ نتیجہ؟ ۲۶ سال بعد بھارت کو شکستِ فاش ہو جاتی ہے!

یہ کہنا غلط ہو گا کہ بھارتی ٹیم کمزور ٹیم تھی۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ اس ٹیم میں دنیا کے بہترین کھلاڑی موجود ہیں۔ خود کپتان بیدی اس وقت دنیا کے اعلیٰ درجے کے اسپن باؤلر مانے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ بھارتی ٹیم کے پاس سنچری بنانے والے کھلاڑیوں کی کمی نہیں۔ جس کی وجہ سے پہلا ٹیسٹ برابر رہا۔ لاہور والے ٹیسٹ میں بھارتی ٹیم نے پاکستان کے لیے ٹیسٹ جیتنا انتہائی کٹھن بنا دیا تھا۔ ۱۲۸ رنز صرف ۲۰ منٹ میں بنانا اور وہ بھی آخری دن شام کے وقت جب روشنی کم ہوتی جا رہی ہو یقیناً تاریخی اہمیت رکھتا ہے۔ آخری ٹیسٹ میں بھی بھارتی ٹیم نے پاکستان کے لیے قدم قدم پر مشکلات پیدا کیں۔ پہلی اننگز میں پاکستان کی آدھی ٹیم صرف ۱۸۷ رنز پر آؤٹ ہو چکی تھی مگر آخری دن پاکستان کے جیالوں نے میدانِ کارزار کا ایک بار پھر پانسہ پلٹ کر رکھ دیا۔

حالیہ ٹیسٹ سیریز ایک اہم چیز کو خصوصیت سے نمایاں کرتی ہیں۔ وہ یہ کہ پاکستانی قوم میں چھپے ہوئے جوہر موجود ہیں بشرطیکہ انھیں اجاگر کیا جائے۔ مثلاً قیادت۔ اجتماعی کاوش، ٹیم اسپرٹ اور ناگزیر حالات میں دشمن کے سامنے ڈٹ جانا۔ مانٹریال میں ہاکی کو جو المیہ پیش آیا تھا اس کی بڑی وجہ یہی تھی کہ ٹیم میں پوشیدہ صلاحیات کو بروئے کار نہ لایا گیا اور کھلاڑی بددلی کا شکار ہو گئے۔

آج کرکٹ کے جانبازوں نے ناموافق حالات میں سینہ سپر ہو جانے کی روایت ڈالی ہے۔ اگر اس روایت کا جائزہ خارجہ اور قومی شعبوں میں بالخصوص اور روزمرہ زندگی میں بالعموم عمل دخل ہو جائے تو ہمیں کسی بھی بیرونی حملے کا خطرہ نہیں رہتا خواہ وہ کتنی ہی بڑی سپر پاور کیوں نہ ہو۔ مشتاق محمد، ظہیر عباس، ماجد خان، آصف اقبال اور جاوید میانداد آخر کون ہیں۔ کیا یہ پاکستانی قوم ہی کے بیٹے نہیں؟

حسنی ڈوریاش

اللّٰہ الصّمد

بے نیازی اور بے احتیاجی صرف اللہ کی صفت ہے۔ باقی سب ان کے محتاج ہیں۔ زندگی ان سے ملتی ہے۔ پرورش وہ فرماتے ہیں۔ مادی، ذہنی اور روحانی ترقی کی منزلیں طے کرنے کے لیے ہدایت اور راہنمائی وہ عطا فرماتے ہیں۔ بندہ قدم قدم پر ان کی راہنمائی اور مدد کا محتاج ہے۔ جو کوئی انہیں پکارتا ہے وہ اس کی مدد کو پہنچتے ہیں۔ فرماتے ہیں۔ "اور جب میرے بندے آپ سے میرے بارے میں پوچھیں تو (انہیں بتا دیجئے کہ) میں قریب ہی ہوں۔ جب کوئی پکارنے والا مجھے پکارتا ہے، تو میں اس کی پکار کا جواب دیتا ہوں (یعنی اس کی مدد کو پہنچتا ہوں)۔۔۔" (۲: ۱۸۶)

سورہ المومن میں فرمایا: "اور تیرے رب نے فرمایا: مجھے پکارو۔ میں تمہاری مدد کو پہنچوں گا۔" (۴۰: ۶۰)۔

سورۃ النمل میں فرمایا: "بھلا کون ہے جو مضطر کی دعا سنتا ہے جب وہ اسے پکارتا ہے اور اس کی تکلیف دور کرتا ہے۔۔۔" (۲۷: ۶۲)

اسی لیے امتِ مسلمہ کا ہر فرد نماز کی ہر رکعت میں اللہ تعالیٰ سے یہ عہد کرتا ہے کہ "میں صرف تیری عبادت کرتا ہوں۔ اور صرف تجھ سے مدد چاہتا ہوں۔" سورہ الجن میں فرمایا: "یقیناً مساجد اللہ کی ہیں۔ پس (وہاں) اللہ کے ساتھ کسی اور کو نہ پکارو۔"

سورۃ الحج میں فرمایا: "صرف ایک اللہ کے ہو کر رہو۔ اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناؤ۔ اور جس نے اللہ کے ساتھ شریک بنایا، تو وہ ایسے ہے جیسے آسمان سے گرا، پھر اسے پرندے اچک لے جاتے ہیں یا ہوا اسے دور دراز جگہ پر لے جا پھینکتی ہے۔" (آیہ ۳۱)

جس نے اللہ کے ساتھ کوئی شریک بنایا۔ گویا وہ توحید کی بلندی سے نیچے گر پڑا۔ اور اللہ تعالیٰ کی حفاظت اور مدد سے محروم ہو گیا۔ پھر یا تو اسے شیاطین اچک لے جاتے ہیں۔ وہ ان کے پیچھے چل پڑتا ہے۔ اور یا اسے ہوائے نفسانی راہ راست سے دور لے جا پھینکتی ہے۔ لالچ، غصہ، انتقام، ہوس وغیرہ اس کی حیوانی جبلتیں اسے ادھر ادھر دور دراز جنگلوں میں دوڑاتی پھرتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر نہ کوئی راہ راست کو پہچان سکتا ہے اور نہ اسے اس پر قائم رہنے کی توفیق نصیب ہوتی ہے۔

"میں شہادت کی موت چاہتا ہوں"

"معاملے کی جو صورت ہو گئی ہے تم دیکھ رہے ہو۔ دنیا نے اپنا رنگ بدل دیا ہے، منہ پھیر لیا ہے۔ نیکی سے خالی ہو گئی ہے۔ ذرا سی تلچھٹ باقی ہے۔ حقیر سی زندگی رہ گئی ہے۔ ہولناکی نے احاطہ کر لیا ہے۔ افسوس، تم دیکھتے نہیں کہ حق پس پشت ڈال دیا گیا ہے۔ باطل پر اعلانیہ عمل کیا جا رہا ہے۔ کوئی نہیں جو اس کا ہاتھ پکڑے۔ وقت آ گیا ہے کہ مومن حق کی راہ میں لقائے الٰہی کی خواہش کرے۔ میں شہادت کی موت چاہتا ہوں۔ ظالموں کے ساتھ زندہ رہنا بجائے خود ایک جرم ہے۔"

سید الشہداء
حضرت امام حسین

انکم ٹیکس سپیشلسٹ
Bus. (416) 336-2512 — Nights 282-2228
افضل حسین
Afzal Hussain B.Comm., M.Comm.
Accountant
Afzal Bookkeeping Co.
SUITE 220
4140 BATHURST STREET
DOWNSVIEW, ONTARIO
M3H 3P3
INCOME TAX
BOOKKEEPING

فرمودۂ اقبال

طریقِ اہلِ دنیا ہے گلہ شکوہ زمانے کا
نہیں ہے زخم کھا کر آہ کرنا شانِ درویشی!
یہ نکتہ پیرِ دانا نے مجھے خلوت میں سمجھایا!
کہ ہے ضبطِ فغاں شیری، فغاں روباہی و میشی



قائدِ اعظم نے فرمایا

پاکستان کی خارجہ پالیسی کی بنیاد یہ ہو گی کہ دنیا کی تمام اقوام کے ساتھ انتہائی دوستانہ تعلقات ہوں۔ ہم پوری دنیا میں امن کے خواہاں ہیں۔ عالمی امن قائم کرنے کے لیے اپنی استطاعت اور قوت کے مطابق اپنے حصے کا کردار خوش اسلوبی سے انجام دیں گے۔

محرم الحرام کے دوران امن و امان اور بھائی چارے کی فضا قائم رکھی جائے: گورنر سوار خان



جناب کشتی دھوکہ ہے ..... ہم مسلم لیگ سے نہیں!

مفاہمت کی فضا قائم رکھنے کے لیے علماء کرام کی کمیٹیاں قائم کی جائیں گی

ہر شخص تحمل و برداشت کا مظاہرہ کرتے ہوئے دوسرے مسلمان بھائیوں کے جذبات کا احترام کرے

لاہور ——— (اپ پ) گورنر پنجاب لیفٹیننٹ جنرل سوار خان نے مختلف مکاتب فکر کے علماء کرام سے اپیل کی ہے کہ وہ پاکستان کی سلامتی اور یکجہتی کے لئے محرم الحرام کے دوران امن و امان اور بھائی چارے کی فضا قائم رکھیں یہاں علماء کرام کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ہر مکتب فکر کے لوگوں کو تلقین کی کہ وہ تحمل و برداشت کا مظاہرہ کرتے ہوئے دوسرے فرقے سے تعلق رکھنے والے اپنے مسلمان بھائیوں کے جذبات کا احترام کریں۔ انہوں نے کہا کہ محرم کا مہینہ قریب آ رہا ہے اور شہادت حضرت امام حسین کی تقریب کو سچی مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منایا جانا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ امن و امان قائم رکھنا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے ...

گورنر نے اجلاس کے شرکاء کو مطلع کیا کہ حکومت مذہبی رہنماؤں پر مشتمل صوبائی اور ضلعی سطح پر الگ الگ کمیٹیاں قائم کرے گی یہ کمیٹیاں امن و امان قائم رکھنے اور جہاں ضرورت ہو فرقہ وارانہ اختلافات ختم کرانے میں مدد دیں گی ...

علماء کرام سے کہا کہ وہ عوام کو اپنی زندگی اسلامی شریعت کے مطابق بسر کرنے اور اپنے دوسرے بھائیوں کے جذبات کا احترام کرنے کی تلقین کریں انہوں نے کہا کہ معاشرے کی بہتر خدمت یہ ہے کہ علماء کرام نئی نسل کو دینی تعلیم سے آراستہ کر کے اخلاقی تربیت دینے کا فریضہ ادا کریں۔

اجلاس میں شریک علماء کرام نے گورنر کو یقین دلایا کہ محرم کے دوران امن و امان قائم رکھنے میں وہ بھرپور تعاون کریں گے۔

جام صادق علی سات برس کے لئے نااہل قرار دے دیئے گئے

کراچی ——— ...

عبدالحفیظ پیرزادہ اور ممتاز بھٹو کو ان کے گھروں میں نظر بند کرنے کی ہدایت

سندھ ہائی کورٹ کے فل بنچ کا فیصلہ

کراچی ——— (اپ پ) سندھ ہائیکورٹ کے فل بنچ نے حکم دیا کہ سابق وفاقی ... مسٹر عبدالحفیظ پیرزادہ اور مسٹر ممتاز علی بھٹو کو ان کے گھروں میں نظر بند کر دیا جائے۔ فل بنچ نے یہ حکم ان دونوں نظر بندوں کی اس درخواست پر دیا جس میں انہوں نے کہا تھا کہ انہیں ضمانت پر رہا کر دیا جائے یا ان کے گھروں میں منتقل کر دیا جائے تاکہ وہ اپنے دفاع کی تیاری کر سکیں ...

جے۔ ایم سید کو جلد رہا کر دیا جائیگا

وہ محب وطن ہیں: تالپور

تالپور ——— (اپ پ) وفاقی وزیر ... میر علی احمد تالپور نے اعلان کیا ہے کہ مسٹر جی ایم سید کو جنہیں مسٹر بھٹو کی حکومت نے گھر میں نظر بند کر رکھا تھا جلد ہی آزاد کر دیئے جائیں گے ... انہوں نے کہا کہ مسٹر جی ایم سید محب وطن ہیں ... سابقہ حکومت ... وطن دشمن اور قوم دشمن کا الزام ... جیل میں ڈال دیا جاتا تھا۔

علیگڑھ کے مسلم کش فسادات میں مزید دس افراد ہلاک ہو گئے

نئی دہلی ——— (اپ پ) علی گڑھ سے موصولہ اطلاع کے مطابق کل شہر میں پھر ہندو مسلم فساد ہو گیا اور پولیس کو گولی چلانا پڑی باہمی تصادم سے اور پولیس کی فائرنگ سے دس افراد ہلاک ہو گئے ... جن میں پانچ افراد ہلاک ہو گئے ... فائرنگ ہوئی جن میں مزید پانچ افراد ہلاک ہو گئے۔

بیگم بھٹو کو رہا کر دیا گیا

راولپنڈی ——— ... بیگم نصرت بھٹو کو آج شام ... رہا کر دیا ... ہائی کورٹ نے بیگم بھٹو کی درخواست پر فیصلہ دیتے ہوئے ... غیر قانونی قرار دے دی تھی ...

این کے جتوئی کے مسئلے پر اصغر خان اور جتوئی میں تلخ کلامی ہوئی تھی

پشاور ——— معلوم ہوا ہے کہ تحریک استقلال سندھ کے ... این کے جتوئی کی تحریک سے علیحدگی ... کے باعث بنی ہے ... اس مسئلہ پر تحریک کے سربراہ اور ان کی تلخ کلامی بھی ہوئی تھی۔

تحریک استقلال برسر اقتدار آنے کی صورت میں منتخب پنچایت، جرگہ، حلقہ اسمبلیاں اور کونسلوں کا نظام رائج کرے گی

انتظامی ڈویژنوں اور کمشنروں وغیرہ کی موجودہ اسامیوں کو ختم کر دیا جائے گا

پیشن عدالتوں کی سطح تک منتخب جیوری کا نظام نافذ کیا جائیگا

تحریک استقلال کے سربراہ اصغر خان نے پارٹی کے منشور کا اعلان کر دیا

راولپنڈی ——— (اپ پ) تحریک استقلال کے سربراہ ریٹائرڈ ایئر مارشل اصغر خان نے اعلان کیا ہے کہ ان کی پارٹی برسر اقتدار آنے کی صورت میں ملک کے انتظامی اور عدالتی نظام کو یکسر تبدیل کر دے گی ... پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ... کوشش کی جائے گی ... انتظامی ڈویژنوں کو ختم کر دیا جائے گا ...

مسٹر اصغر خان نے پروگرام کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں اصل جمہوریت قائم کرنے ... کو بدل دیا جائے ...

نور جہاں کی تیسری شادی کی تصدیق ہو گئی

اسلام آباد ——— معلوم ہوا ہے کہ ملکہ ترنم نور جہاں نے ... پی آئی اے کے ایک پائلٹ سے شادی کر لی ہے۔ کراچی کے اس پائلٹ کی بھی تیسری شادی ہے ... نور جہاں کے ساتھ اپنی شادی کی تصدیق ... کی ... یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ چونکہ پائلٹ کراچی میں مقیم ہے ... نور جہاں نے بھی لاہور کو ... ترک کر کے کراچی میں ... کر لی ہے۔

... نیازی عراق روانہ ہو گئے

اسلام آباد ——— ... عراق ... مقامات کی زیارت کے لئے روانہ ہو گئے ہیں۔

بھارت میں ہر حکومت کے دور میں مسلمانوں پر عرصۂ حیات تنگ رہا ہے

علیگڑھ کے فسادات کے پس پردہ سیاسی عوامل کارفرما ہیں

یہ صورت حال جنتا حکومت کے زوال کا پیش خیمہ بن سکتی ہے: بی بی سی

لندن ——— (بی بی سی) بھارت میں ہر حکومت کے دور میں مسلمانوں پر عرصۂ حیات تنگ رہا ہے ... علی گڑھ میں آج کل جو مسلم کش فسادات ہو رہے ہیں وہ جنتا حکومت کے لیے بہت بڑا چیلنج ہیں ... بی بی سی کے مبصر کے مطابق ... ایک ماہ کے دوران ... مسلم کش فسادات ہوئے ... یہ صورت حال جنتا حکومت کے زوال کا پیش خیمہ بن سکتی ہے ...

For your dining pleasure, THE RAJPUTS, renowned for their excellent Indo-Pakistani Cuisine, bring to you,

The Rajputs

AKBAR'S COURT

384 YONGE ST. at Gerrard

Tel. 595-1725

Fast Take-out and Delivery



OTHER LOCATION

the RAJPUT I

376 Bloor St. W.

921-3679

HOURS: Monday to Saturday

12 noon till midnight

Sunday 5 - 10 p.m.

SOLD

MUZAFFAR

491-2205

PHONE: 491-2205

جائیداد کی خرید و فروخت کے لئے

پاکستانی رئیل اسٹیٹ بروکر

نسیم مظفر

MORTGAGES

APPRAISALS

COMPLETE SERVICES

150 Consumer Rd. Suite 407

Willowdale, Ontario.

ہاکی ٹورنامنٹ جیتنے کی خوشی میں آج تعطیل

پاکستان نے آسٹریلیا کو ایک کے مقابلے میں ۲ گول سے ہرا کر چیمپینز ٹرافی ہاکی ٹورنامنٹ جیت لیا

سنگل لیگ کی بنیاد پر ہونے والے ٹورنامنٹ میں پاکستان نے تمام میچ جیت لیے

آسٹریلیا دوسرے نمبر پر اور برطانیہ تیسرے نمبر پر رہا

لاہور (سلطان عارف) پاکستان نے آسٹریلیا کو ایک کے مقابلے میں دو گول سے ہرا کر چیمپینز ٹرافی ورلڈ ہاکی ٹورنامنٹ جیت لیا۔ قذافی سٹیڈیم لاہور میں جمعہ کی سہ پہر تماشائیوں کی ایک بہت بڑی تعداد نے جن میں صدر جنرل محمد ضیاء الحق اور گورنر پنجاب لیفٹیننٹ جنرل سوار خان بھی شامل تھے اس ٹورنامنٹ کا یہ آخری میچ دیکھا۔ پاکستان کی ٹیم نے ایک دفعہ پھر عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی برتری ثابت کر دی۔

صدر ضیاء الحق پاکستان ٹیم کے کپتان اصلاح الدین کو ٹرافی دے رہے ہیں

پاکستان ہاکی ٹیم کے کپتان سائیڈ رائٹ منظور جونیئر آسٹریلیا کے خلاف پہلا گول کرنے کے بعد خوشی سے ناچتے ہوئے

بیرون ملک سے لائی جانے والی دولت بدترین افراط زر کا سبب بن رہی ہے

پاکستانی اشیاء کی بجائے نقد رقم وطن بھیج کر حکومت کو زرِ مبادلہ کے بحران سے نکال سکتے ہیں

کراچی (…) سٹیٹ بینک آف پاکستان کی ایک رپورٹ کے مطابق بیرون ملک سے پاکستانی باشندے جو کروڑوں ڈالر کا زرمبادلہ بھیج رہے ہیں وہ ملک کے اقتصادی استحکام کا باعث بننے کی بجائے اندرون ملک زبردست افراط زر کا سبب بن رہا ہے۔

اس اقدام کو غیر آئینی قرار دیا جائے: سندھ ہائی کورٹ میں نصرت بھٹو کی آئینی درخواست

کراچی (نمائندہ خصوصی) سندھ ہائی کورٹ میں پیپلز پارٹی کی قائم مقام چیئرمین بیگم نصرت بھٹو نے ایک آئینی درخواست دائر کی ہے جس میں چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر اور الیکشن کمیشن آف پاکستان کو مدعا علیہ بنایا گیا ہے۔

گواسکر بھارتی کرکٹ ٹیم کے کپتان مقرر کر دیئے گئے



بشن سنگھ بیدی



سنیل گواسکر

ہر قسم کی اردو کتابیں دستیاب ہیں۔ مفت فہرست کے لیے ہمیں لکھیئے۔

اردو ڈائجسٹ

ہر مہینے اردو ڈائجسٹ حاصل کرنے کے لیئے
ہمیں لکھیئے یا فون کیجیئے

PRICE: $2.00, Postage 45c Extra

اپنے چیک Techno Pak کے نام لکھیئے اور اس پتے پر بھیجیئے:
Suite 504, 100 Echo Point, Scarborough, Ontario,
Canada, M1W 2V2 (phones (416) 497 9623, 493 4374)

پاکستانی حضرات کی توجہ کیلئے

Going to Pakistan?
Book your Orders
Under PERSONAL BAGGAGE or GIFT SCHEME
for world famous and popular
FIAT Agricultural TRACTORS.
We can also offer other profitable
Items under above Scheme.

For Further Details and Latest Information
Please Contact:

AROMA IMPEX.

Importers, Exporters & Indenting Agents.
1165A Bloor St. West, TORONTO (Canada) M6H 1M9

PHONES: Off.: (416) 532-4421
Evngs.: (416) 745-4884

Cables: GULBARG Toronto.

WINTER TUNE-UP

10,000 Miles or 10 Months Guaranteed from

DAR AUTO - 652-1262

4 cyl. $29.55; 6 Cyl. $35.55;

8 Cyl. $41.55

PARTS & LABOUR

Please call for more information

DAR AUTO
Phone 652-1262

مضبوط مرکز ضروری نہیں صوبائی خودمختاری کی حدود کا دوبارہ تعین ہونا چاہیئے: شیرباز مزاری

اراضی کی حد ملکیت ۲۵ ایکڑ نہری اور کاشتکاری کیلئے کوآپریٹو کا طریقہ ہونا چاہیئے

جداگانہ طریق انتخاب کی ضرورت نہیں، قومیائی گئی صنعتوں کو نوکر شاہی کے سپرد نہیں کیا جائیگا

ولی خان کی تجویز ٹھیک تھی پر مبنی ہے، نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی کے سربراہ کا ٹیلی وژن انٹرویو

اسلام آباد — [illegible]

[illegible]

پاکستان سے ملنے والے ... کا حساب دیں ... [illegible]

[illegible]

THIS CHRISTMAS, MAKE SURE YOUR GREETINGS ARRIVE IN TIME.

بیرون ملک رہنے والے رشتہ داروں اور دوستوں کو مایوس مت کیجئے۔ یہ یاد دہانی کہ آپ انھیں بھولے نہیں ہیں، ان کے کرسمس کو خوشگوار بنا دے گی۔

اپنے بھیجے کے لیئے کرسمس کی ڈاک بھیجے دی ہوئی تاریخ تک کینیڈا سے بھیج دیجئے۔ پتے اور ہدایات واضح عبارت میں لکھیئے اور اس بات کا اطمینان کر لیجیئے کہ آپ نے صحیح ڈاک کے ٹکٹ لگائے ہیں۔

صحیح شرح ڈاک اور دوسری معلومات کیلئے اپنے پوسٹ آفس سے بیرون ملک کرسمس ڈاک بھیجنے کی آخری تاریخوں سے متعلق خاص FOLDER حاصل کیجئے۔ اور اپنی تمام ڈاک پر اپنے پتے بمع ساتھ پوسٹل کوڈ شامل کرنا نہ بھولیئے۔

بیرون ملک ڈاک بھیجنے کی آخری تاریخ (برائے ایشیاء)

جگہ Destination	Letters. Sealed Cards خطوط، بند لفافوں میں کارڈ
ایشیاء	۸ دسمبر

کینیڈا کے اندر تہنیت کے کارڈ بھیجنے کی آخری تاریخیں یہ ہیں۔

DEC. 13 (out of town) بیرون شہر — **DEC. 17** (in town) اندرون شہر

اہم: امریکہ اور کینیڈا میں دوستوں اور رشتہ داروں کو تہنیت کے کارڈ لفافوں میں بند کر کے بھیجئے۔ اور ان پر درجہ اول کی ڈاک کا ٹکٹ (۱۲ سینٹ) لگائیے۔

عام انتخابات کے مثبت نتائج برآمد ہونگے: صدر ضیا

مفتی محمود کے ساتھ عنقریب ملاقات ہوگی اور ہم صوبائی حکومتوں کی تشکیل کا ابتدائی پروگرام طے کریں گے

قومی اتحاد کی جماعتیں واحد سیاسی تنظیم میں ضم ہوجائیں تو اقتدار آج ان کے سپرد کیا جاسکتا ہے پھر جب تنظیم چاہے گی مسلح افواج منصفانہ انتخابات کا انتظام کردیں گی

اسلامی نظام کے نفاذ کا اعلان چند روز تک کردیا جائے گا

ملک میں سیاسی سرگرمیوں پر کوئی بھی پابندی نہیں ہے: لاہور پہنچنے پر صدر ضیاء الحق کی بات چیت

راولپنڈی ــــ وقائع نگار: صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق نے اس یقین کا اظہار کیا ہے کہ قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے عام انتخابات کے مثبت نتائج برآمد ہوں گے انہوں نے کہا کہ سیاستدان جب چاہیں انتخابات منعقد کرائے جاسکتے ہیں۔ صدر جنرل ضیاء الحق نے آج اپنی اس پیش کش کا اعادہ کیا کہ اگر قومی اتحاد میں شامل جماعتیں ایک واحد سیاسی تنظیم میں ضم ہوجائیں تو حکومت کا مکمل نظام ان کے سپرد کیا جاسکتا ہے اور پھر جب بھی اس واحد سیاسی تنظیم کی حکومت چاہے مسلح افواج ملک میں منصفانہ عام انتخابات کرانے کا انتظام کرسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ۱۹۷۹ء کا سال یقیناً انتخابات کا سال ہوگا اور آئندہ برس انتخابات منعقد کرانے کے سلسلے میں وہ پرامید ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کرانا فوج کی ذمہ داری ہے۔ جنرل محمد ضیاء الحق آج سہ پہر راولپنڈی سے لاہور پہنچنے پر ہوائی اڈے پر موجود اخبار نویسوں سے گفتگو کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ وہ جلد ہی راولپنڈی میں قومی اتحاد کے صدر مفتی محمود سے ملاقات کریں گے۔ اس ملاقات کے دوران ملک میں صوبائی حکومتیں قائم کرنے کے لئے ابتدائی پروگرام طے کیا جائے گا۔ صدر پاکستان نے کہا کہ اسلامی نظام کے نفاذ کا اعلان کرنے میں کوئی رکاوٹ نہیں اور چند دنوں تک اس سلسلے میں اعلان کردیا جائے گا۔ ایک اخبار نویس نے صدر پاکستان سے سوال کیا کہ وہ ملک میں سیاسی سرگرمیوں پر پابندی اٹھانے کا کب ارادہ رکھتے ہیں۔ جنرل ضیاء الحق نے سوال کیا کہ کیا ملک میں سیاسی سرگرمیوں پر کوئی پابندی ہے؟ پھر انہوں نے خود ہی کہا کہ ملک میں سیاسی سرگرمیوں پر کوئی پابندی نہیں اور تمام سیاسی جماعتیں اپنا تنظیمی کام کررہی ہیں اور پھر کہا کہ حقیقت سیاسی سرگرمیوں کی جتنی آزادی اب ہے وہ ماضی کی نسبت کہیں زیادہ ہے۔ جنرل ضیاء الحق نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ اسلامی قوانین کے نفاذ کا اعلان ملتوی نہیں کیا گیا اور یہ کسی بھی دن کیا جاسکتا ہے۔ تاہم اخبارات میں اس اعلان کے لئے یکم محرم کی تاریخ کے تعین کا محض قیاس آرائی ہے۔ لیکن یہ قیاس آرائی درست بھی ثابت ہوسکتی ہے۔

مسلم لیگ دو حصوں میں تقسیم ہوگئی تو ملک میں عام انتخابات کے انعقاد اور جمہوریت کی بحالی کا کام متاثر ہوگا

پاکستان مسلم لیگ کی مجلس عاملہ اور کونسل کا اجلاس ۲۸ اور ۲۹ نومبر کو ہوگا: پیر پگارو

اجلاس میں بعض عہدیداروں کے غیر تعمیری کردار کا بھی جائزہ لیا جائے گا

کراچی ــــ (پ پ) پاکستان مسلم لیگ کے سربراہ پیر صاحب پگارو نے کراچی میں ۲۸ نومبر کو مجلس عاملہ اور ۲۹ نومبر کو جنرل کونسل کا اجلاس طلب کرلیا ہے۔ آج شام یہاں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان اجلاسوں میں [illegible]

[illegible]

پاکستانی صحافی کو ایران سے نکال دیا گیا

تہران ــــ (پ پ) [illegible]

[illegible]

میں مسلم لیگ کی صدارت قبول کرنے کے لیے تیار نہیں مجھے سیاست میں ملوث نہ کیا جائے: صدر مملکت

پیر پگارو سے ملاقات کا مقصد مسلم لیگوں کے اختلافات ختم کرانا تھا

اختلافات ختم ہوتے نظر نہیں آتے مسلم لیگی متحد ہونے کی بجائے تین گروپوں میں بٹ رہے ہیں

لاہور ــــ (وقائع نگار) صدر ضیاء الحق نے کہا ہے کہ میں پاکستان مسلم لیگ کی صدارت کا ہرگز امیدوار نہیں ہوں اور اس بارے میں تمام خبریں غلط ہیں۔ انہوں نے آج راولپنڈی سے لاہور پہنچنے کے بعد ہوائی اڈے پر اخباری نمائندوں سے گفتگو [illegible]

[illegible]

مجھے ابھی تک کوئی نوٹس موصول نہیں ہوا: بیگم بھٹو

لندن ــــ [illegible]

[illegible]

گروسری ـ سبزیاں ـ مصالحہ جات

تازہ حلال گوشت

بازار سے مقابلتاً سستے داموں ہم سے طلب فرمائیں

Tel. 762-1633

ALFLAH
GROCER

2774 Dundas St. West
Toronto, Ont.

جاوید میاں داد کو "مین آف دی میچ" قرار دیا گیا

ظہیر عباس اور سنیل گواسکر کو "مین آف دی سیریز" کے ایوارڈ دیے گئے



کراچی ــــ (پ پ) بھارت کے خلاف تیسرے ٹیسٹ میچ میں "مین آف دی میچ" ایوارڈ جاوید میانداد کو دیا گیا ہے انہوں نے پاکستان کی پہلی اننگز میں سو رنز بنائے اور دوسری اننگز میں [illegible] رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ بھارت کے وائس کپتان سنیل گواسکر کو اس میچ میں یہ ایوارڈ [illegible]

[illegible]

اردو رسالے

ناروے امریکہ میں گھر بیٹھے حاصل کیجئے

خواتین ڈائجسٹ۔ پاکیزہ ڈائجسٹ۔ عالمی ڈائجسٹ۔ سسپنس ڈائجسٹ

قیمت فی ڈائجسٹ 2.50 ڈالر۔ سب رنگ ڈائجسٹ 3.00 ڈالر

Please Send your Cheque or Money Order to:

WASI MOHAMMAD
363 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada - M2H 2P5

پاکستان نے تیسرا اور آخری ٹیسٹ میچ بھی جیت لیا

سرفراز نواز نے بھارت کی دوسری اننگز میں پانچ وکٹیں حاصل کیں • آخری تین وکٹیں صرف سات منٹ میں گریں • وسیم باری اور مشتاق محمد نے شاندار کیچ پکڑے

صدر جنرل محمد ضیاء الحق کراچی میں پاکستان کی کرکٹ ٹیم کے کپتان مشتاق محمد کو تحائف دے رہے ہیں

بھارتی کرکٹ ٹیم کے کپتان بشن سنگھ بیدی صدر پاکستان سے تحائف وصول کر رہے ہیں

پاکستانی ٹیم نے ۵۴ منٹ اور مقررہ اوورز میں ۱۶۵ رنز بنا لیے

بھارتی ٹیم نے دوسری اننگز میں ۳۰۰ رنز بنائے، سنیل گواسکر نے سنچری بنائی

عمران خان نے ایک اوور میں دو چھکے اور ایک چوکا لگایا؛ جاوید میانداد کا شاندار کھیل

کراچی ۱۴ نومبر (نمائندہ خصوصی، ٹیلیویژن رپورٹ) نیشنل سٹیڈیم کراچی میں آج پاکستان نے بھارت کے خلاف تیسرا اور آخری ٹیسٹ میچ انتہائی ڈرامائی انداز میں جیت کر موجودہ کرکٹ سیریز میں ... سے کامیابی حاصل ...

عمران خان

آصف اقبال

وسیم باری

سرفراز نواز

کراچی پاکستانی ٹیم نے آج کا تیسرا اور آخری ٹیسٹ میچ آٹھ وکٹوں سے جیتا ہے۔ یہ پہلا موقع ہے کہ پاکستان نے بھارت کے خلاف سیریز جیتی ہے۔ اس سے پہلے جو تین سیریز ہوئی تھیں ان میں سے پہلی سیریز بھارت نے جیتی تھی اور باقی دو ... سیریز برابر رہی تھیں۔ پاکستان میں کرکٹ کے کھیل میں یہ اسقدر ... اور جوش ... انگیز ...

کرکٹ ٹیم کا انتخاب غلط طریقے پر ہوا
بھارتی پارلیمنٹ میں تحریک التوا

بشن سنگھ بیدی کی ناقص کپتانی کیخلاف جلوس نکالا گیا، اخبارات میں زبردست تنقید

نئی دہلی، ۱۴ نومبر (پی پی آئی) آج بھارتی پارلیمنٹ (لوک سبھا) میں بھارتی کرکٹ ٹیم کے حالیہ دورہ پاکستان کے بارے میں زبردست تنقید ہوئی ... اس وقت ... کا تحریک التوا ... بھارتی ٹیم کے دورہ پاکستان کو ... نوعیت ...

... کے خلاف نعرے لگائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ بیدی ... ہونے والے ٹیسٹ میچ اور باقی ٹیسٹ میچوں میں کسی دوسرے کھلاڑی کو کپتان نامزد کیا جائے۔ یہ مقابلے بھارت اور ویسٹ انڈیز کی ٹیموں کے درمیان ہوں گے۔ بھارت کے کرکٹ ...

اخبار انڈین ایکسپریس نے بھی آج بشن سنگھ بیدی کو ناقص کپتانی کی بنا پر ہدف تنقید بنایا۔ بعض دوسرے اخبارات نے بھی مسٹر بیدی پر کڑی تنقید کی ہے خاص طور پر لاہور اور کراچی میں بھارتی ٹیم ...

بشن سنگھ بیدی کپتان

ٹیسٹ میچ کی جھلکیاں

• بیدی نے جب بولنگ شروع کی تو اس وقت اتفاق سے ... بار رہے تھے سامنے پر ایک تماشائی نے پکار کر کہا کہ سردار صاحب آج تو آپ ٹھیک وقت پر آئے ہیں۔ بیدی نے اپنی تیسری گیند پر ہی ظہیر عباس کو آؤٹ کر دیا۔

• نیشنل سٹیڈیم کراچی میں آج آخری ٹیسٹ میچ کے تیسرے روز تماشائیوں کا بے پناہ ہجوم تھا اور لوگ کثیر تعداد میں میچ دیکھنے کے لیے آئے تھے ...

Introduce
Crescent To A friend

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہر قسم کی پاکستانی و ہندوستانی فوڈ کے علاوہ انٹرنیشنل فوڈ
یعنی ہر قسم کی خوراک نہایت کم قیمت پر خریدنے کے لئے
ہمیں خدمت کا موقع دیجئے۔

ہمارا نصب العین آپ کی تسلی ہے

WHOLESALE & RETAIL
Please Call ISMAIL At
461-2839

HOUSE OF HALAL MEAT

803 Danforth Avenue
Toronto, Ontario

Fresh Halal Meat &
Vegetables

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

پندرہ روزہ **کریسنٹ** انٹرنیشنل

ٹورنٹو کینیڈا

جلد : ۷ | ۳۰ ذی الحجہ ۱۳۹۸ھ | یکم دسمبر ۱۹۷۸ء | شمارہ : ۱۸۷



حسینؑ

عظمت کردار کی تابندہ مثال

اسرار زیدی

اسے ایک فطری عمل کہہ لیجیے کہ انسان تاریخی اور سماجی اعتبار سے بالعموم اپنے پیدائشی عقیدے سے وابستہ رہتا ہے ۔ انسان خصوصی عقائد سے جنم لینے والے بیشتر تعصبات میں ایک ذہنی رکاوٹ کی وجہ یہی پیدائشی عقیدہ ہے جس سے میری مراد وہ عقائد ہیں جو ہر فرد کو اپنے والدین اور دیگر اہل خاندان سے ورثے میں ملتے ہیں ۔ چونکہ ابتداء سے ہی ہر کسی بچے کی تعلیم و تربیت ایک مخصوص عقیدے کی بنیاد پر ہوتی ہے ۔ اس لئے جوں جوں وہ بڑا ہوتا جاتا ہے اور بالغ شعور کی منزل تک پہنچتا ہے تو اس کے بنیادی عقائد پختہ ہوتے جاتے ہیں ۔ اس صورت میں یہ ایک قدرتی امر ہے کہ دوسرے عقائد جو کہ اس کے اپنے عقائد سے مختلف ہوتے ہیں وہ یقیناً اس کے نزدیک غیر حقیقی اور غیر اہم ہوں گے ۔ فی الواقع یہی انسانی رویہ ہے جو مختلف نظریات و عقائد کے مابین تعصبات اور تضادات کا سبب بنتا ہے ۔ اس کے باوجود یا شاید یہی انسانی صداقتیں آج بھی موجود ہیں اور ہر دور میں موجود رہی ہیں جن کو کسی بھی مذہبی عقیدے تک محدود کیا جا سکتا ہے نہ ہی مخصوص قسم کے تضادات اور تعصبات ہی ان کا کچھ بگاڑ سکے ہیں ۔ یہ ایک مسلم حقیقت ہے کہ ان صداقتوں کا بھرم ہمیشہ انسان کے وجود سے ہی قائم رہا ہے ۔ اس استدلال کے جواز میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ حضرت عیسیٰ کو عیسائی قوم اس لئے محترم سمجھتی ہے کہ وہ ان کے پیغمبر ہیں لیکن وہ لوگ جن کا عیسائیت سے کسی طرح کا واسطہ نہیں حضرت عیسیٰ کو یوں قابل احترام شخصیت گردانتے ہیں کہ انہوں نے سچائی کی خاطر صلیب پر چڑھنا گوارا کیا ۔ ان کا یہ عمل ظاہر ہے کہ صرف ایک مخصوص طبقے یا قوم کی ترجمانی نہیں کرتا بلکہ پورے عالم انسانیت کے مفاد کا آئینہ دار ہے اسی طرح سقراط کو اسی لئے قابل قدر جانا گیا ہے کہ صداقت کی بقا کے لئے اس نے اپنے ہاتھوں بخوشی زہر کا جام نوش کیا ۔ جبکہ وہ بخوبی یہ جانتا تھا کہ اپنے عہد کے جبر کے خلاف آواز بلند کی اس کا انجام پھانسی کے پھندے کے سوا اور کچھ نہ ہوگا ۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام، سقراط، شمس تبریز، منصور حلاج اور جولیس فیوچک کے علاوہ اور بھی ایسی متعدد شخصیتیں ہیں جو تاریخ میں ہمیشہ زندہ رہیں گے ۔ جنہوں نے اپنے عہد کی صداقتوں کی خاطر [illegible] برداشت کیں ۔ حتیٰ کہ موت کو گلے لگایا ۔ [illegible] اپنے عہد کے حالات سے [illegible] زندگی [illegible] بسر کر سکتے تھے ۔ لیکن اس طرح کے تجربے کا مطلب یہ ہوتا کہ انہوں نے اپنے ضمیر کی آواز سے دستبردار ہو کر اپنے عہد کے جبر کو قبول کر لیا اخلاقی قدروں اور ذات کی صداقتوں سے ہمیشہ کے لئے منہ موڑ لیا ۔ اور انسانی قدروں کا وہ حسین [illegible] جس کے قائم رہنے کا [illegible] [illegible] اپنی سچائی کے [illegible] [illegible] سے گزارنے کی [illegible] سامنے پیش [illegible] کیا ہے ۔ اس کے نتیجے میں یہی ہوتا کہ آج نہ انسانیت کا احترام باقی رہتا اور نہ وہ اقدار موجود ہوتیں جو آج بھی سچائی کی علمبردار ہیں ۔

کربلا کا عظیم المیہ جو آج سے تقریباً چودہ سو سال قبل رونما ہوا اور جس میں پیغمبر اسلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نواسے جناب حسین علیہ السلام نے اپنے بہتر رفقاء کے ساتھ جام شہادت نوش کیا اس کو بھی اگر سرسری طور پر پس منظر میں دیکھا جائے تو اس نتیجے پر پہنچنے میں کوئی قباحت نہیں ہوگی کہ اپنے بہتر ساتھیوں کی مختصر سی فوج کے ساتھ امام حسین علیہ السلام نے یزید کے ہزاروں افراد پر مشتمل لشکر سے جو جنگ کی وہ نہ کسی ذاتی مفاد کے لئے تھی نہ اقتدار کے حصول کی خاطر ۔ اگر نواسہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا مقصد محض اقتدار ہوتا تو اس کے لئے وہ کل بہتر یاروں کے ساتھ میدان کربلا میں نہ آتے لیکن اس صورت میں جو جنگ ہوتی اس کے نتائج خواہ کچھ ہی ہوتے ان کی اہمیت سوائے ایک معمولی سے تاریخی واقعہ کے علاوہ اور کچھ نہ ہوتی ۔ لیکن گزشتہ چودہ سو سال سے لے کر اب تک واقعہ کربلا کی جو اہمیت ہے اور صرف عالم اسلام ہی نہیں بلکہ کسی بھی عقیدے سے وابستہ وہ فرد جو جبر کے خلاف اور سچائی کا ہمنوا ہے وہ حضرت حسین علیہ السلام اور ان کے رفقاء کی قربانیوں کو انسانی عظمت اور صداقتوں کی علامت سمجھتا ہے ۔

کربلا کی اس جنگ کا پس منظر بظاہر سیدھا سادا سا ہے کہ حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کے رفقاء نے بے شمار صعوبتوں اور ہزاروں قیمتی جانوں کی قربانی دے کر جو حکومت قائم کی تھی اس کا بنیادی مقصد سوائے اس کے اور کچھ نہ تھا کہ اسلام کے انقلابی اصولوں اور تعلیمات کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ ان لوگوں کا تحفظ بھی ہو سکے جو اس مذہب کے نام لیوا تھے اور جو اس کے قبضے میں جو حکومت تھی اس میں وہ مثالی نظام رائج کیا جائے جو انسانی مساوات، بھائی چارے اور انصاف کے علاوہ عام خوشحالی کا ضامن بھی ہو لیکن سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کے رفقاء کے بعد یہ حکومت یزید ایسے بدکردار شخص کے قبضے میں آگئی جو نہ تو اسلام کی تعلیمات کا دل سے قائل تھا نہ ہی ان اقدار کو کوئی اہمیت دیتا تھا جن کا تعلق انسانیت اور اخلاقیات سے تھا ۔ یزید کے برسراقتدار آنے کا مطلب فی الواقع یہ تھا کہ ان صداقتوں کی نفی کے عمل کا آغاز ہو چکا ہے ۔ جن کی خاطر اسلام معرض وجود میں آیا تھا اور جن کی بقا کے لئے ہزاروں قیمتی جانوں کی قربانیاں دی گئی تھیں ۔ یہ ایک ناقابل انکار تاریخی حقیقت ہے کہ یزید کی ذات میں وہ تمام برائیاں موجود تھیں جن کا وجود کسی بھی معاشرے کے لئے خطرے کا سبب رہا ہے ۔ ان کی تفصیلات میں جائے بغیر اس امر کا ذکر خصوصیت کے ساتھ ضروری ہے کہ یزید اپنے طور پر جو عمل کرنا چاہتا تھا اس کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وہ تعلیمات تھیں جو نہ صرف عرب کے باشندوں بلکہ پورے عالم انسانیت کے لئے مینارہ نور کی مانند تھیں ۔ وہ یہ بھی جانتا تھا کہ ان تعلیمات کی نفی آسانی سے ممکن نہیں خصوصیت کے ساتھ اس وقت تک ممکن نہیں جب تک کہ جگر گوشہ رسول حضرت حسین علیہ السلام کا دم باقی ہے ۔

یزید کو اس امر کا کامل یقین تھا کہ اس عہد کے جو سرکردہ لوگ موجود تھے ۔ ان میں سے اکثر کو جبر کے ساتھ یا اقتدار کی حرص اور دولت کا لالچ دے کر اپنے ساتھ ملایا جا سکتا ہے لیکن وہ اس حقیقت سے بخوبی آگاہ تھا کہ یہ تمام حوالے نواسہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بہکانے میں کسی طور بھی کارگر نہ ہوں گے ۔ یہ حقیقت ہے کہ جناب حسین علیہ السلام جنہوں نے آغوش رسالت میں پرورش پائی اور انہی کے زیر سایہ تربیت حاصل کی کسی طرح کا حرص و لالچ یا جبر ان کو اپنے اصولوں سے برگشتہ کر سکتا تھا چنانچہ اپنے منصوبوں پر عملدرآمد کے لئے یزید کے پاس اس کے سوا کوئی اور چارہ نہ تھا کہ حضرت حسین کو جیسے بھی ممکن ہو اپنے راستے سے ہٹا دے اپنے مقصد کے لئے اس نے جو جواز حاصل کیا وہ نواسہ رسول سے بیعت طلبی سے عبارت تھا ۔ یزید کو اس امر کا پوری طرح یقین تھا کہ جناب حسین کسی قیمت پر اس کی بیعت پر آمادہ نہیں ہوں گے اس صورت میں وہ ان کے انکار کو بنیاد بنا کر رائے عامہ کو اپنے حق میں ہموار کر سکے گا دوسری جانب حسین اس حقیقت سے بخوبی آگاہ تھے کہ یزید کے ہاتھ پر بیعت کرنے کا مطلب یہ ہوگا کہ اس بدکردار شخص کی ان تمام برائیوں کو قبول کر لیا جائے جو اس میں موجود تھیں اور جو پیغمبر اسلام کی تعلیمات کی سراسر نفی کرتی تھیں یہ برائیاں فی الواقع ایک فرد تک محدود نہ رہتیں اس لئے کہ ہر برسراقتدار حکمران کا کردار اور اس کی اچھائیاں یا برائیاں اس کے زیر حکومت لوگوں پر کسی نہ کسی شکل میں اثر انداز ہوئے بغیر نہیں رہتیں امام حسین یہ بھی بخوبی جانتے تھے کہ بیعت سے انکار کا مطلب موت کے سوا اور کچھ نہ ہوگا ۔

امام حسین کے سامنے یہ ساری صورت حال اپنی واضح شکل میں موجود تھی وہ چاہتے تو یزید کی بیعت کر کے اپنے لئے تمام دنیاوی آسائشیں خرید سکتے تھے لیکن ان جیسے اصول پرست اور صاحب کردار انسان کی نظر میں محض زندگی کی آسائشیں ہی سب کچھ نہ تھیں بلکہ ان کے پیش نظر تو ان انسانی اقدار کا تحفظ تھا جو ان کے نانا حضرت محمد کی بنیادی تعلیمات اور اصولوں سے عبارت تھیں چنانچہ یزید کی بیعت سے انکار کر کے انہوں نے دوسری صعوبتوں کے ساتھ اپنے اہل و عیال اور رفقاء کے ہمراہ تین دن کی بھوک و پیاس اور شہادت قبول کی کیونکہ وہ صداقت تھی جو اسلام کو فی الواقع زندہ رکھنے اور رسالت کے مشن کی تکمیل کا مظہر تھی ۔ کربلا کے میدان میں امام حسین نے جو قربانیاں دیں آج بھی دنیا کے کروڑوں افراد ان کی یاد جس جوش اور جذبے کے ساتھ مناتے ہیں دس محرم کو تمام رفقا بھوک اور پیاس کے عالم میں لشکر یزید سے مقابلہ کرتے ہوئے کام آئے قریبی اعزہ میں بھائی عباس جو فرات سے پانی لینے گئے تاکہ ان بچوں کی تشنگی بجھا سکیں جو خیمے میں تڑپ رہے تھے وہ بھی دونوں بازو کٹا کر شہید ہوئے جناب حسین کے نوجوان بیٹے علی اکبر سینے پر برچھی کھا کر ہمیشہ کے لئے داغ مفارقت دے گئے بھتیجے امام حسن کے جوان سال بیٹے حضرت قاسم نے جام شہادت نوش کیا ان کی ہمشیرہ حضرت زینب کے دونوں کم عمر فرزند عون و محمد یزید سے لڑتے لڑتے اپنی جانیں ہار گئے یہ تمام صدمے تنہا امام حسین نے چند گھنٹوں کے اندر اندر برداشت کئے چھ ماہ کے ننھے سے فرزند علی اصغر کی تشنہ لبی اور حسین کے ہاتھوں پر [illegible] سے اس [illegible]

ایک ایسا سانحہ تھا جو کسی بھی انسان کو متزلزل کرنے کے لئے کافی ہو سکتا ہے لیکن واقعات شاہد ہیں کہ ان تمام مصائب کے باوجود جس شخص کے پائے استقلال میں ذرا بھی لغزش نہ آئی وہ حسین کے سوا اور کوئی نہ تھا یہی عظمت کردار کی وہ مثال ہے جس پر تمام عالم انسانیت بجا طور پر فخر کر سکتا ہے ۔

انسانی صداقتوں اور ان کی اقدار کو زندہ رکھنے کے لئے امام حسین نے جو قربانیاں دیں اور یزید کے جبر کے خلاف بے سروسامانی کے عالم میں جو جہاد کیا اسے ایک معمولی حادثے سے تعبیر نہیں کیا جا سکتا بلکہ یہ وہ عظیم جہاد تھا جو انسانی سچائیوں کی بقا کا سبب بنا امام حسین نے کربلا کے میدان میں عملی طور پر یہ ثابت کر دکھایا کہ کسی بھی جبر کے خلاف سر جھکانے کی بجائے موت کو قبول کرنا ہی وہ عمل ہے جو عظمت کردار کا موجب ہو سکتا ہے جوش ملیح آبادی نے اس تمام صورت حال کو کس خوبصورتی کے ساتھ ایک شعر میں یوں نظم کیا ہے

یہ اک کربلا کی خاک سے آواز آتی ہے
[illegible]

●

Please subscribe to the CRESCENT, a Pakistani English/Urdu Newspaper in regular print for the last 7 years.

SUBSCRIPTION RATES:

1 Year ... $8.00 (US Air Mail $10.00)
2 Years ...$14.00 (US Air Mail $17.00)
6 Months ... $5.00 (US Air Mail $6.00)
Anywhere else for 1 Year, By Air Mail $14.00

Please make cheques payable to "Crescent"

Crescent کریسنٹ انٹرنیشنل
338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone: (416) 493-4374

Name ....

Address ....

....

Postal Code ....

Telephone No. ....